نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرِ صدارت سرگودھا ڈویژن میں گندم کی کاشت سے متعلق صورتحال کے جائزہ اجلاس کا انعقاد

گندم کی بروقت اور وسیع رقبے پر کاشت نہ صرف پنجاب بلکہ ملکی فوڈ سیکیورٹی کے حصول کے لیے ناگزیر ہے۔وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی

28 نومبر 2024: وزیرزراعت ولائیواسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی زیرصدارت سرگودھا میں کمشنر آفس میں گندم کی کاشت سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔اجلاس میں صوبائی پارلیمانی سیکرٹری زراعت اسامہ لغاری،صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے لائیواسٹاک سردار عاصم شیرمکین اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے شرکت کی۔اجلاس میں کمشنر سرگودھا ڈویژن جہانزیب اعوان، ڈپٹی کمشنر سرگودھا کیپٹن (ر) محمد وسیم اور میانوالی، خوشاب اور بھکر کے ڈپٹی کمشنرز نے آن لائن شرکت کی۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل زراعت عبدالحمید اور نوید عصمت کاہلوں، ایس ای انہار صداقت لطیف، ترقی پسند کاشتکاروں، زرعی ادویات اور کھاد ڈیلرز بھی شریک ہوئے۔

اس موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے صوبائی وزیر کو بتایا گیا کہ سرگودھا ڈویژن میں 17 لاکھ 40 ہزار ایکڑ رقبے پر گندم کی کاشت کا ہدف مقرر کیا گیا ہے، جس میں سے اب تک 15 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ گندم کے زیر کاشت لایا جا چکا ہے، جو کہ مجموعی ہدف کا 86 فیصد ہے۔

اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے پر وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ گندم کی بروقت اور وسیع رقبے پر کاشت نہ صرف پنجاب بلکہ ملک کی غذائی سلامتی کے لیے ناگزیر ہے۔وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں زراعت کے شعبے میں انقلاب برپا کرنے کے لیے ٹھوس اقدامات کیے جا رہے ہیں۔وزیراعلیٰ پنجاب نے گندم کے کاشتکاروں کے لیے ایک تاریخی انعامی پیکج متعارف کرایا ہے، جس کے تحت زیادہ رقبے پر گندم کاشت کرنے والوں کو اربوں روپے کے انعامات بذریعہ قرعہ اندازی دیے جائیں گے۔اس پیکج کے تحت 1 ہزار ٹریکٹرز اور 1 ہزار لیزر لینڈ لیولرز مفت فراہم کیے جائیں گے۔وزیراعلیٰ پنجاب کسان کارڈ اسکیم کے ذریعے کاشتکاروں کو بلا سود زرعی قرضے، کھاد، بیج اور زرعی ادویات رعایتی نرخوں پر فراہم کیے جا رہے ہیں۔اب تک اس اسکیم کے ذریعے 24 ارب روپے سے زائد کی خریداری ہو چکی ہے، جبکہ کسان کارڈ کی تعداد 5 لاکھ سے بڑھا کر ساڑھے 7 لاکھ تک کر دی گئی ہے۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ ماہ نومبر گندم کی کاشت کے لیے نہایت اہم ہے۔گندم کی کاشت کے ہدف کے حصول کو یقینی بنانے کیلئے محکمہ زراعت، انٹرنیز، یونیورسٹیوں کے طلباء اور فیلڈ ٹیمیں کاشتکاروں کی رہنمائی کے عمل میں مزید تیزی لائیں۔امسال گندم کے پیداواری مقابلے بھی منعقد کیے جائیں گے اور جیتنے والے کسانوں کو پرُکشش انعامات دیے جائیں گے۔

بعدازاں صوبائی وزیرزراعت ولائیوسٹاک نے سرگودھا میں زیرِ تعمیر ایگری مال کی پیش رفت سے متعلق جائزہ لیا اور اس پر اطمینان کا اظہار کیا۔

☆☆☆☆